**Code No. 5609**

*Roll No.* ..............................

**SET : D**

# D. El. Ed. 1st Year Exam. July – 2022

## Proficiency in Urdu Language

## उर्दू भाषा में प्रवीणता

## (Course Code : DE-109)

(Only for Fresh/Re-appear Candidates)

**[ Morning Session ]**

*Time : 2 Hours ]* *[ Max. Marks : 35*

*समय : 2 घण्टे ]* *[ अधिकतम अंक : 35*

***

*General Instructions :*

*सामान्य निर्देश :*

*(i) Please make sure that the printed pages in this question paper are **7** in number and it contains **7** questions.*

*कृपया जाँच कर लें कि इस प्रश्न-पत्र में मुद्रित पृष्ठ 7 तथा प्रश्न 7 हैं।*

*(ii) The **Code No.** and **Set** on the right side of the question paper should be written by the candidate on the front page of the answer-book.*

*प्रश्न-पत्र में दाहिने हाथ की ओर दिये गये **कोड नम्बर** तथा **सेट** को छात्र उत्तर-पुस्तिका के मुख्य-पृष्ठ पर लिखें।*

*(iii) Before beginning to answer a question, its Serial Number must be written.*

*कृपया प्रश्न का उत्तर लिखना शुरू करने से पहले, प्रश्न का क्रमांक अवश्य लिखें।*

*(iv) Don't leave blank page/pages in your answer-book.*

*उत्तर-पुस्तिका के बीच में खाली पन्ना/पन्ने न छोड़ें।*

*(v) Except answer-book, no extra sheet will be given. Write to the point and do not strike the written answer.*

*उत्तर-पुस्तिका के अतिरिक्त कोई अन्य शीट नहीं मिलेगी। अतः आवश्यकतानुसार ही लिखें और लिखा उत्तर न काटें।*

*(vi) Candidates must write their Roll Number on the question paper.*

*परीक्षार्थी अपना रोल नं० प्रश्न-पत्र पर अवश्य लिखें।*

*(vii) Before answering the questions, ensure that you have been supplied the correct and complete question paper,* ***no claim in this regard, will be entertained after examination.***

*कृपया प्रश्नों के उत्तर देने से पूर्व सुनिश्चित कर लें कि प्रश्न-पत्र पूर्ण व सही है,* ***परीक्षा के उपरान्त इस सम्बन्ध में कोई दावा स्वीकार नहीं किया जायेगा।***

*(viii)* ***All questions are compulsory.***

***सभी प्रश्न अनिवार्य हैं।***

*(ix) Answer the questions of* ***Unit – I*** *(xi-xv) in about* ***25*** *words each. Each question carries 1 mark.*

***यूनिट – I*** *के प्रश्न (xi-xv) का उत्तर लगभग* ***25-25*** *शब्दों में दीजिए। प्रत्येक प्रश्न 1 अंक का है।*

*(x) Answer the questions of* ***Unit – II*** *in about* ***70*** *words each. Each question carries 3 marks.*

***यूनिट – II*** *के प्रत्येक प्रश्न का उत्तर लगभग* ***70*** *शब्दों में दीजिए। प्रत्येक प्रश्न 3 अंका का है।*

*(xi) Answer the question of* ***Unit – III*** *in about* ***140*** *words. This question carries 5 marks.*

***यूनिट – III*** *के प्रश्न का उत्तर लगभग* ***140*** *शब्दों में दीजिए। यह प्रश्न 5 अंका का है।*

**نوٹ :** سبھی سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے :

## UNIT - I

**نوٹ :** مندرجہ ذیل ہر سوال کے **چار چار** جوابات دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے **صحیح** جواب چن کر اپنی کاپی پر لکھئے۔ ہر سوال **ایک (1)** نمبر کا ہے :

**1.** (i) پڑھنا سکھانے کے صوتی طریقہ کے تحت پہلے کیا سکھایا جاتا ہے ؟ 1

(a) پہلے لفظ سکھایا جاتا ہے

(b) پہلے حروف تہجی کے نام سکھائے جاتے ہیں

(c) پہلے اعراب کی مشق کرائی جاتی ہے

(d) پہلے حروف علّت سکھایا جاتا ہے

(ii) ''اردو زبان برج بھاشا سے نکلی ہے۔'' یہ کس کا قول ہے ؟ 1

(a) عبدالقادر سروری

(b) مسعود حسین خاں

(c) محمد حسین آزاد

(d) محمود شیرانی

(iii) فورٹ ولیم کالج میں کون سی کتاب لکھی گئی ؟ 1

(a) فسانۂ عجائب

(b) باغ و بہار

(c) عجائب القصص

(d) سب رس

(iv) زبان کی بنیادی مہارتوں میں سے آخری مہارت کون سی ہے ؟ 1

(a) پڑھنا

(b) لکھنا

(c) بولنا

(d) سُننا

(v) حروف سے متعلق جو علم فراہم کیا جاتا ہے، اسے کیا کہتے ہیں ؟ 1

(a) علم بیان

(b) علم صرف

(c) علم ہجا

(d) علم نحو

(vi) مندرجہ ذیل امدادی اشیاء میں کون بصری شے نہیں ہے ؟ 1

(a) ٹیپ ریکارڈر

(b) نقشہ

(c) گلوب

(d) بلیک بورڈ

(vii) قواعد کی تدریس کا کون سا طریقہ نہایت خشک اور بے جان ہوتا ہے ؟ 1

(a) استدلالی طریقہ

(b) تمثیلی طریقہ

(c) استقرائی طریقہ

(d) استخراجی طریقہ

(viii) لکھنا سکھانے کے کس طریقہ میں حروف کی ترکیبی شکل سے طلبہ کو روشناس کرایا جاتا ہے ؟ 1

(a) مانٹسوری کا طریقہ

(b) پڑھو اور لکھو طریقہ

(c) ابجدی طریقہ

(d) پستالوزی کا طریقہ

(ix) 'دریائے لطافت' کا موضوع کیا ہے ؟ 1

(a) شاعری

(b) داستان

(c) قواعد

(d) تاریخ

(x) مندرجہ ذیل میں سے کس ماہرلسانیات نے اردو کا ماخذ کھڑی بولی کو قرار دیا ہے ؟ 1

(a) سیدسلیمان ندوی

(b) نصیرالدین ہاشمی

(c) مولوی عبدالحق

(d) ڈاکٹر سنیتی کمار چٹرجی

**نوٹ** : مندرجہ ذیل میں سے ہرایک سوال کا جواب قریب **پچیس (25)** لفظوں میں دیجئے۔ ہرسوال **ایک (1)** نمبر کا ہے :

(xi) مادری زبان کسے کہتے ہیں ؟ وضاحت کیجئے۔ 1

(xii) سبق کی منصوبہ بندی میں تمہید کی کیا اہمیت ہے ؟ 1

(xiii) زبان کی تدریس میں بولنا سے کیا مراد ہے ؟ 1

(xiv) علم نحو میں کس علم کا ذکر ہوتا ہے ؟ 1

(xv) زبان کی بنیادی مہارتیں کون کون سی ہیں ؟ 1

## UNIT - II

**نوٹ** : مندرجہ ذیل میں سے ہرایک سوال کا جواب قریب **ستّر (70)** لفظوں میں دیجئے۔ ہرسوال **تین (3)** نمبر کا ہے :

**2.** تدریسِ زبان میں ابجدی طریقہ سے کیا مراد ہے ؟ وضاحت کیجئے۔ 3

**3.** ذہن کے ارتقا میں زبان کی کیا اہمیت ہے ؟ 3

**4.** ایک اچھے استاد کے لئے سبق کی منصوبہ بندی کیوں ضروری ہے ؟ 3

**5.** گفتگو یا بولنے کی خامیاں سے کیا مراد ہے ؟ ان کو دور کیسے کیا جا سکتا ہے ؟ 3

**6.** اردو کی ابتدا سے متعلق سید سلیمان ندوی نے کیا نظریہ پیش کیا ہے ؟ 3

## UNIT - III

**نوٹ :** درج ذیل سوال کا جواب قریب **ایک سو چالیس (140)** لفظوں میں دیجئے۔ یہ سوال **پانچ (5)** نمبر کا ہے :

**7.** زبان کی تدریس میں تدریسِ قواعد کی کیا اہمیت ہے ؟ تفصیل سے لکھئے۔ 5

---